احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعرات 20 نومبر 2008ء

روزنامہ
ٹیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 20 نومبر 2008ء 21 ذیقعد 1429 ہجری 20 نبوت 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 266

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

دو قوتیں انسان کو مجر بہ جنون کر دیتی ہیں۔ ایک بدظنی اور ایک غضب جبکہ افراط تک پہنچ جاویں۔ ایک شخص کا حال سنا کہ وہ نماز پڑھا کرتا تھا کہ اول ابتدا جنون کی اس طرح سے شروع ہوئی کہ اسے نماز کی نیت کرنے میں شبہ پیدا ہونے لگا اور جب پیچھے اس امام کے کہا کرے تو امام کی طرف انگلی اٹھا دیا کرے۔ پھر اس کی تسلی اس سے نہ ہوتی تو امام کے جسم کو ہاتھ لگا کر کہا کرے کہ ''پیچھے اس امام کے'' پھر اور ترقی ہوئی تو ایک دن امام کو دھکا دے کر کہا کہ ''پیچھے اس امام کے''۔

پس لازم ہے کہ انسان بدظنی اور غضب سے بہت بچے۔ (ملفوظات جلد سوم ص 404)

چند روز سے جو مستورات میں وعظ کا سلسلہ جاری ہے ایک روز یہ ذکر آ گیا کہ دوزخ کے سات دروازے ہیں اور بہشت کے آٹھ۔ اس کا کیا سر ہے تو یک دفعہ ہی میرے دل میں ڈالا گیا۔ کہ اصول جرائم بھی سات ہی ہیں اور نیکیوں کے اصول بھی سات۔ بہشت کا جو آٹھواں دروازہ ہے وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و رحمت کا دروازہ ہے۔

دوزخ کے سات دروازوں کے جو اصول جرائم سات ہیں ان میں سے ایک بدظنی ہے۔ بدظنی کے ذریعہ بھی انسان ہلاک ہوتا ہے اور تمام باطل پرست بدظنی سے گمراہ ہوئے ہیں۔ (ملفوظات جلد سوم ص 386)

ساری عزتیں اللہ کے ہاتھ میں ہیں۔ دیکھو بہت سے ابرار اخیار دنیا میں گزرے ہیں۔ اگر وہ دنیا دار ہوتے تو ان کے گزارے ادنیٰ درجہ کے ہوتے کوئی ان کو پوچھتا بھی نہ۔ مگر وہ خدا کے لئے ہوئے اور خدا ساری دنیا کو ان کی طرف کھینچ لایا۔ خدا تعالیٰ پر سچا یقین رکھو اور بدظنی نہ کرو۔ جب اس کی بدبختی سے خدا پر بدظنی ہوتی ہے تو پھر نہ نماز درست ہوتی ہے نہ روزہ نہ صدقات۔ بدظنی ایمان کے درخت کو نشو و نما ہونے نہیں دیتی بلکہ ایمان کا درخت یقین سے بڑھتا ہے۔ (ملفوظات جلد سوم ص 64)

سخت جھوٹ

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا بدظنی سے بچو کیونکہ بدظنی سخت قسم کا جھوٹ ہے ایک دوسرے کے عیب کی ٹوہ میں نہ رہو۔ اپنے بھائی کے خلاف تجسس نہ کرو۔ اچھی چیز ہتھیانے کی حرص نہ کرو۔ حسد نہ کرو۔ دشمنی نہ رکھو۔ بے رخی نہ برتو۔ جس طرح اس نے حکم دیا ہے اللہ کے بندے اور بھائی بھائی بن کر رہو۔

(صحیح بخاری کتاب الادب باب اجتنبوا کثیر من الظن حدیث نمبر: 5606)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ

❁ تمام احباب جماعت کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 28 نومبر 2008ء سے تا اطلاع ثانی حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ پاکستانی وقت کے مطابق دوپہر 12:45 پر براہ راست نشر کیا جائے گا۔ براہ مہربانی تمام احباب اس سے استفادہ کریں۔ (نظارت اشاعت)

یتامیٰ کی خبر گیری

❁ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔
یتامیٰ کی خبر گیری قومی طور پر کسی جماعت میں پائی جائے تو وہ جماعت کبھی مٹ نہیں سکتی۔
(تفسیر کبیر جلد ہشتم صفحہ: 567)

دار الضیافت میں قربانی

❁ بیرون ربوہ نیز بیرون پاکستان سے ایسے احباب جو جماعتی نظام کے تحت عید کے موقع پر مرکز سلسلہ میں قربانی کروانے کے خواہشمند ہوں وہ اپنی رقوم بتفصیل ذیل جلد از جلد خاکسار کو بھجوا دیں۔

قربانی بکرا -/7000 روپے
قربانی حصہ گائے -/3500 روپے
(نائب ناظر ضیافت ربوہ)

گاڑی برائے فروخت

❁ ایک عدد گاڑی Toyota Corolla 2.OD ڈیزل ماڈل 2002ء سفید رنگ اچھی حالت میں جماعتی ادارہ کے زیر استعمال فروخت کرنا مقصود ہے۔ خواہشمند احباب حسب ذیل نمبر پر رابطہ کریں۔
0333-6713023 (مظفر احمد قمر)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

21 نومبر 2008ء

1-35 am ایم۔ٹی۔اے انٹرنیشنل خبریں
2-10 am ترجمۃ القرآن
3-30 am صد سالہ خلافت پروگرام
4-00 am گلشن وقف نو
5-00 am تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
6-05 am المائدہ
6-30 am لقاء مع العرب
7-45 am دورہ حضور انور
8-10 am صد سالہ خلافت جوبلی پروگرام
8-55 am ترجمۃ القرآن
10-00 am مشاعرہ
11-10 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-15 pm گلشن وقف نو
1-05 pm فرنچ سروس
1-30 pm سرائیکی سروس
2-10 pm اردو ملاقات
3-15 pm انڈونیشین سروس
4-15 pm سیرت صحابہ رسول ﷺ
5-00 pm تلاوت، خبریں
6-00 pm خطبہ جمعہ براہ راست
7-15 pm درس حدیث
7-25 pm بنگلہ سروس
8-30 pm سیرت صحابہ رسول ﷺ
9-05 pm خطبہ جمعہ دوبارہ ٹیلی کاسٹ
10-25 pm سپاٹ لائیٹ
11-00 pm فرنچ پروگرام
11-30 pm عربی سروس

22 نومبر 2008ء

1-35 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-10 am خطبہ جمعہ
2-55 am اردو ملاقات
5-00 am تلاوت، درس حدیث ایم۔ٹی۔ اے جماعتی خبریں
6-05 am فرنچ سروس
6-30 am لقاء مع العرب
7-35 am خطبہ جمعہ
8-50 am سپاٹ لائیٹ
9-20 am سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
11-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-00 pm گلشن وقف نو
12-30 pm سپاٹ لائیٹ
1-30 pm خطبہ جمعہ
2-25 pm آرٹ کلاس
3-00 pm انڈونیشین سروس
4-00 pm فرنچ سروس
5-00 pm تلاوت، ایم۔ ٹی۔ اے بین الاقوامی خبریں
5-55 pm بنگلہ سروس
7-00 pm انتخاب سخن
8-00 pm گلشن وقف نو
9-00 pm مشاعرہ
10-00 pm سوال وجواب
11-00 pm ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
11-30 pm عربی سروس

23 نومبر 2008ء

1-30 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-00 am گلشن وقف نو
3-00 am سپاٹ لائیٹ
3-45 am آرٹ کلاس
5-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-00 am سپاٹ لائیٹ
6-25 am لقاء مع العرب
7-30 am مشاعرہ
8-30 am خطبہ جمعہ
9-30 am سوال وجواب
10-30 am آرٹ کلاس
11-00 am تلاوت، ہماری تعلیم، خبریں
12-00 pm گلشن وقف نو
1-05 pm وزٹ ٹو فریم ہاؤس
1-40 pm عربی سیکھئے
2-00 pm دورہ حضور انور
3-00 pm انڈونیشین سروس
4-00 pm سپینش ترجمہ خطبہ جمعہ
5-00 pm تلاوت، ہماری تعلیم، خبریں
6-00 pm بنگلہ پروگرام
6-55 pm خطبہ جمعہ
8-05 pm گلشن وقف نو
9-00 pm وزٹ فریم ہاؤس
9-35 pm دورہ حضور انور
10-30 pm سوال وجواب
11-30 pm عربی سروس

24 نومبر 2008ء

1-35 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-10 am گلشن وقف نو
3-10 am دورہ حضور انور
4-30 am سیرت النبی ﷺ
5-10 am تلاوت، ہماری تعلیم، خبریں
6-10 am قدرت کے حسین نظارے
6-35 am لقاء مع العرب
8-50 am عربی سیکھئے
9-40 am سوال وجواب
10-20 am سیرت النبی ﷺ
11-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
11-55 am گلشن وقف نو
1-00 pm فرنچ پروگرام
1-25 pm ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
2-00 pm فرنچ پروگرام
3-05 pm انڈونیشین سروس
5-00 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-25 pm بنگلہ دیش
7-30 pm خطبہ جمعہ
8-30 pm ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
9-05 pm گلشن وقف نو
10-10 pm فرنچ پروگرام
11-30 pm عربی سروس

25 نومبر 2008ء

12-30 am لقاء مع العرب
1-30 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-00 am گلشن وقف نو
3-15 am خطبہ جمعہ
4-15 am ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
5-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-00 am فرنچ سروس
6-35 am لقاء مع العرب
7-40 am خطبہ جمعہ
8-40 am فرنچ پروگرام
9-45 am طب وصحت
10-20 am ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
11-00 am تلاوت، درس مجموعہ، خبریں
12-00 pm بستان وقف نو
1-10 pm سوال وجواب
2-05 pm فرنچ پروگرام
3-00 pm انڈونیشین سروس
4-00 pm سندھی سروس
5-05 pm تلاوت، درس مجموعہ، خبریں
6-00 pm بنگلہ سروس
7-00 pm جلسہ سالانہ قادیان 2007ء
9-15 pm بستان وقف نو
10-20 pm سوال وجواب
11-20 pm انتخاب سخن

26 نومبر 2008ء

12-30 am عربی سروس
2-05 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
3-00 am بستان وقف نو
4-00 am جلسہ سالانہ قادیان 2007ء
5-00 am تلاوت، درس مجموعہ، خبریں
6-00 am عربی سیکھئے
6-45 am لقاء مع العرب
8-00 am فرنچ پروگرام
8-30 am سوال وجواب
9-30 am جلسہ سالانہ قادیان 2007ء
11-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-00 pm گلشن وقف نو
1-05 pm سیرت حضرت مسیح موعود
1-35 pm سوال وجواب
3-05 pm انڈونیشین پروگرام
4-00 pm سواحیلی سروس
5-50 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-00 pm بنگلہ سروس
7-05 pm خطبہ جمعہ
7-05 pm تقریر جلسہ سالانہ
8-25 pm صد سالہ خلافت جوبلی پروگرام
10-10 pm سوال وجواب
11-30 pm عربی سروس

27 نومبر 2008ء

12-25 am لقاء مع العرب
1-30 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-00 am ہماری کائنات
2-30 am درس حدیث
2-40 am گلشن وقف نو
3-40 am تقریر جلسہ سالانہ
4-10 am مخزن پروگرام
5-05 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-20 am لقاء مع العرب
7-25 am آرٹ کلاس
7-55 am سیرت حضرت مسیح موعود
8-30 am خطبہ جمعہ
9-25 am صد سالہ خلافت جوبلی
11-00 am تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
12-00 pm گلشن وقف نو
1-00 pm انگلش ملاقات پروگرام

باقی صفحہ 15 پر

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم فضل احمد شاہد صاحب

سلسلہ کے مخلص اور دیرینہ خادم اور دارالذکر لاہور کے ناظم

مکرم مولوی نذیر احمد صاحب راجوروی

جماعت احمدیہ لاہور کے ایک مخلص اور سرگرم خادم سلسلہ مکرم مولوی نذیر احمد صاحب راجوروی مورخہ 6 مئی 2008ء کو اس جہان فانی سے رحلت فرما گئے۔ مکرم مولوی نذیر احمد صاحب بھی بہت سی یادوں کے نقوش چھوڑ گئے۔ ان کی حسین یادوں کا مختصر تذکرہ درج ذیل ہے۔

مرحوم جنوری 1930ء میں مقبوضہ کشمیر کے ایک گاؤں چارکوٹ میں پیدا ہوئے۔ یہ گاؤں ضلع راجوری میں ہے۔ چارکوٹ مقبوضہ کشمیر کی مخلص اور بڑی جماعتوں میں سے ایک ہے۔ آپ کی پیدائش احمدی گھرانے میں ہوئی۔ والد کا نام دیوان علی تھا۔ اس وقت چارکوٹ میں ایک مکتب سکول جاری تھا جسے مکرم ماسٹر بشیر احمد صاحب بہت اخلاص سے چلا رہے تھے۔ مکرم مولوی نذیر احمد صاحب اس سکول میں داخل ہوگئے اور آٹھویں تک تعلیم حاصل کی۔ پھر راجوری میں داخلہ کا پروگرام بنانا چاہا مگر کئی مشکلات کی بنا پر وہاں نہ جاسکے۔

حصول علم کی تڑپ انہیں قادیان لے گئی۔ چنانچہ آپ 1942ء میں قادیان کے جلسہ سالانہ پر رشتہ داروں کے ہمراہ تشریف لے گئے۔ وہاں تعلیم کے حصول کی کوشش کی مگر کامیاب نہ ہوئے دسمبر 1943ء میں دوبارہ قادیان تشریف لے گئے اور حضرت میر محمد اسحاق صاحب کی خدمت میں مدرسہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے درخواست دی۔ جو حضرت میر صاحب نے ازراہ شفقت منظور فرمالی۔ چنانچہ آپ مدرسہ احمدیہ میں داخل ہوگئے۔ جولائی 1947ء میں مدرسہ میں رخصتیں ہوئیں۔ آپ فرماتے ہیں ”ہم اپنے گھروں کو چلے گئے۔ اگست میں پارٹیشن ہوگئی ہمیں بھی راجوری سے نکلنا پڑا اور جہلم میں آنا پڑا“۔

یہاں آکر اپنے مرکز سے رابطہ کیا تو معلوم ہوا کہ احمد نگر میں مدرسہ احمدیہ اور جامعہ احمدیہ کی کلاسیں لگی ہوئی ہیں۔ آپ وہاں چلے گئے اور داخلہ لے لیا۔ مکرم مولوی صاحب اپنی یادداشتوں میں تحریر کرتے ہیں۔

وہ ایام بڑے تکلیف دہ تھے۔ خوراک کی کمی، روزمرہ اشیاء کی کمی با ایں ہمہ وہاں بڑا اچھا وقت گزرا۔ اس کے بعد آپ جلد ہی احمد نگر منتقل ہوگئے۔ اس وقت وہاں حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب جامعہ احمدیہ کے پرنسپل تھے۔ مولوی نذیر صاحب نے یہاں جامعہ کی تعلیم شروع کی۔ آپ اپنے گھریلو حالات کی وجہ سے پڑھائی جاری نہ رکھ سکے اس لئے لاہور تشریف لے آئے اوریئنٹل کالج میں داخلہ لے لیا۔ اس دوران آپ کو جماعت احمدیہ لاہور کے دفتر واقعہ ٹمپل روڈ میں ایک کلرک کی آسامی کا پتہ چلا اور آپ نے وہاں رابطہ کیا۔ آپ کو وہاں کلرک رکھ لیا گیا۔ چنانچہ 12 ستمبر 1952ء کو آپ نے لاہور کے اس دفتر میں کام کرنا شروع کیا اور خدمت کا یہ سلسلہ 2006ء تک جاری رہا۔ آپ نے 1954ء میں دوران خدمت پنجاب یونیورسٹی سے مولوی فاضل کا امتحان پاس کیا اور 1955ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ دارالذکر لاہور کی تعمیر کے بعد جماعت لاہور کا دفتر دارالذکر میں منتقل ہوگیا اور آپ 1973ء میں اس دفتر کے ناظم مقرر ہوئے اور اس عہدے پر 33 سال کام کیا۔ جماعت کا دفتر ٹمپل روڈ پر تھا۔ 1953ء میں جماعت کے خلاف فسادات ہوئے اور مالی و جانی نقصان ہوا۔ ان ایام میں عارضی طور پر جماعت کا دفتر دوسری جگہ منتقل ہوا۔ جماعت احمدیہ لاہور کے اس مرکزی دفتر میں بطور محرر اور پھر ناظم خدمت بجالانے کے علاوہ آپ کو دیگر کئی جماعتی خدمات کا موقع ملا۔ مکرم مولوی صاحب لکھتے ہیں۔

خاکسار کی رہائش رتن باغ حلقہ سول لائنز میں تھی اس لئے دفتر کے کام کے علاوہ حلقہ کا کام بھی کرتا تھا۔ اس کے ساتھ آپ نے یہ بھی ذکر کیا کہ آپ کو قیام رتن باغ کے دوران زعیم خدام الاحمدیہ سیکرٹری تعلیم، نائب سیکرٹری مال کے طور پر خدمت کا موقع ملا۔ مولوی صاحب لکھتے ہیں۔ حلقہ سول لائنز میں دس سال رہائش رہی اور دس سال جماعتی خدمات کا موقع ملتا رہا۔ آپ نے ضلع لاہور کی عاملہ میں سیکرٹری رشتہ ناطہ کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔

1960ء میں آپ مغلپورہ منتقل ہوگئے۔ یہاں آپ نے بطور قائد مجلس خدام الاحمدیہ 1960ء سے 1966ء تک خدمات انجام دیں۔ لمبا عرصہ حلقہ مغلپورہ کے جنرل سیکرٹری رہے۔ 1984ء سے 2006ء تک حلقہ مغلپورہ کے صدر رہے۔ علاوہ ازیں آپ نے کافی لمبا عرصہ ناظم اعلیٰ انصاراللہ کے طور پر بھی جماعت کی خدمت کی۔ آپ کو وفات سے تقریباً چھ سال قبل دل کی تکلیف ہوئی اور علاج جاری رہا لیکن اس دوران آپ کی جماعتی مصروفیات میں کوئی کمی نہ آئی۔ جب آپ کو محسوس ہوا کہ آپ اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے میں دشواری محسوس کر رہے ہیں تو آپ گھر بیٹھے۔ لیکن دفتر والوں نے آپ کے تجربات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے آپ سے راہنمائی حاصل کی۔ وفات سے کچھ عرصہ قبل آپ کی یادداشت میں کمی واقع ہوئی۔ مگر اس علالت کے دوران بھی انہوں نے اپنی یادوں کے حسین نقوش چھوڑے۔ بعض اوقات کوئی خیال اچانک آتا تو رات گئے بذریعہ فون دفتری کاموں کے سلسلہ میں اپنے ساتھیوں سے رابطہ کرتے گویا وہ جماعتی کاموں کے عاشق تھے۔ بیماری میں عبادات کی طرف توجہ رہی۔ خلافت اور مراکز احمدیت سے انہیں گہرا لگاؤ تھا۔ وفات والے دن صبح پوچھا کہ کیا حضرت صاحب دورہ سے لندن واپس آگئے ہیں۔ ہاں میں جواب ملنے پر مطمئن ہوگئے۔

وہ قادیان اور ربوہ کے جلسوں میں بار بار آتے رہے۔ اس دفعہ بھی جلسہ سالانہ قادیان میں جانے کے شدید خواہش مند تھے۔ علالت کے باوجود امیر صاحب ضلع کو فون کر کے جلسہ سالانہ پر جانے کے لئے فارم منگوائے اور صدسالہ خلافت جوبلی کے جلسہ کی وجہ سے یہ کہا کہ ایسا نادر موقع پھر ہاتھ نہیں آسکتا۔ انہوں نے کئی سال مسلسل مجلس شوریٰ میں مغلپورہ کی نمائندگی کی۔

وہ 6 مئی 2008ء کو اپنے مولیٰ کے حضور حاضر ہوگئے۔ ان کی نماز جنازہ 8 بجے مغلپورہ میں بعد مغرب ادا کی گئی۔ جس میں اپنے عزیز و اقارب، احباب جماعت لاہور اور غیراز جماعت احباب بھی شامل ہوئے۔ 7 مئی کو بعد نماز فجر بیت المبارک ربوہ میں محترم راجہ نصیر احمد صاحب نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔ پھر بہشتی مقبرہ میں تدفین ہوئی اور راجہ صاحب نے دعا کرائی۔ مورخہ 9 مئی بروز جمعہ مکرم چوہدری حمید نصراللہ صاحب امیر ضلع لاہور نے دارالذکر لاہور میں مرحوم کی نماز جنازہ غائب پڑھائی اور آپ نے اپنے خطبہ ثانیہ میں مولوی صاحب موصوف کی خدمات کو بہت خوبصورت الفاظ میں سراہا۔ اسی طرح ان کی نماز جنازہ غائب مغلپورہ، کینیڈا، بیلجیئم، سویڈن اور چارکوٹ (راجوری) کی بیوت الذکر میں ادا کی گئی۔ ہمارے پیارے اور شفیق امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس نے 12 مئی 2008ء کو نماز ظہر سے پہلے بیت فضل لندن میں جن خوش نصیبوں کی نماز جنازہ پڑھائی ان میں آپ بھی شامل ہیں۔ مجلس انصاراللہ مغلپورہ لاہور نے ایک تعزیتی قرارداد منظور کی جس میں آپ کی خدمات کو سراہا گیا۔

آپ نے 1952ء میں شادی کی۔ مرحوم نے پسماندگان میں ایک بیوہ، دو بیٹے اور 9 بیٹیاں چھوڑیں یہ سب شادی شدہ ہیں۔ مرحوم کی تربیت اور دعاؤں کے بہت گہرے اثرات ان کی اولاد میں ملتے ہیں۔

انہوں نے بچوں کو قرآن مجید پڑھایا۔ اگر کسی عذر کی بنا پر بیت الذکر نہ جاسکتے تو گھر میں بچوں کے ساتھ مل کر نماز ادا کی۔ وہ نماز باجماعت کے عاشق تھے۔ بارش کے پانی کو عبور کر کے بیت الذکر تشریف لے جاتے۔

انہوں نے اپنی وفات کے ایک سال قبل گھر میں موجود سب افراد کو اکٹھا کیا اور ایک خاص پیغام دیا۔ چنانچہ فرمایا۔

میری بات غور سے سنو میں آپ کو وصیت کرنا چاہتا ہوں میرے بعد بھی سب نے اکٹھے رہنا ہے، اکٹھے بیٹھنا ہے۔ میرے بعد بھی ایسے ہی بیٹھنا ہے۔ یہ نہ ہو کہ میں اس دنیا سے جاؤں اور مجھے فرشتے کہیں کہ تم کیسی اولاد چھوڑ کر آئے ہو۔ انہوں نے اپنے بچوں کو مخاطب کر کے کہا کہ دین کا کام آپ نے ضرور کرنا ہے چاہے کسی طریق سے کرو۔ یہ باتیں سن کر سب رونے لگے تو سب کو تسلی دیتے ہوئے کہا رونا نہیں۔ ہم سب نے جانا ہے یہاں کسی نے نہیں رہنا۔

مکرم مولوی نذیر احمد صاحب نے حضرت مصلح موعود کا زمانہ پایا پھر خلافت ثالثہ، خلافت رابعہ، خلافت خامسہ کا دور دیکھا۔ ان کا قادیان سے اس وقت رابطہ ہوا جب حضرت مصلح موعود کی خلافت کے ابھی 23 سال مقدر تھے اور رفقاء حضرت مسیح موعود کی بڑی تعداد موجود تھی۔ پھر پارٹیشن کے بعد لاہور آکر تین امراء ضلع حضرت شیخ بشیر احمد ایڈووکیٹ، محترم چوہدری اسداللہ خان صاحب اور چوہدری حمید نصراللہ صاحب کے ساتھ خدمت سلسلہ کی سعادت پائی۔

راقم الحروف ان کی شخصیت سے بہت متاثر تھا۔ ان کی ساری زندگی خدمت سلسلہ میں گزری اور پھر سلسلہ کے لئے ہمہ تن وقف ہوگئے۔ ان کے افراد خانہ کے بیان کے مطابق وہ صبح ناشتے کے بعد مغلپورہ سے دارالذکر جاتے اور پھر شام تک وہیں رہتے گویا سارا دن جماعت کے لئے وقف ہے اور پھر اس دفتری خدمت کے علاوہ، دیگر کتنے عہدوں کا بار ان کے کندھوں پر رہا مگر انہوں نے اپنی ذمہ داریوں کو خوب اور خوب نبھایا۔ پھر یہی نہیں حقوق العباد کے پہلوؤں میں بھی پورا اترنے کی خوب کوشش کی۔ وہ مجھے اور دیگر افراد کو بہت خندہ پیشانی سے ملتے۔ انہوں نے اپنے گھر کے بارہ افراد کا پیٹ بھی پالا۔ ان کی تربیت بھی کی، پھر دامادوں کے ساتھ ان کا سلوک بھی بہت مثالی رہا۔ ان کے بڑے داماد مکرم محمد اشرف صاحب جو ان کے بھتیجے بھی ہیں 1965ء میں کشمیر سے ہجرت کر کے آئے۔ انہیں اپنے بیٹوں کی طرح شفقتوں سے نوازا پھر رشتہ دیا۔ وہ اپنے سسر کو بوقت رحلت بڑے ہی جذباتی انداز میں یاد کرتے اور ابا جان ابا جان کے الفاظ سے یاد کرتے ہیں۔

انہوں نے بعض بچوں کو ٹیوشن پڑھائی اور ان پر اتنی محنت کی کہ یہ بچے اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں۔ انہیں خدمت خلق کے کاموں سے بہت دلچسپی تھی۔ کئی غیر احمدیوں کی بھی آپ نے سفارشیں کیں۔ وہ مربیان سلسلہ اور کارکنان سلسلہ اور مرکزی وفود کا بہت ادب و احترام کرتے اور جماعتی کاموں میں تعاون کرتے۔ ان کی بیماری کے دوران جب عزیزوں کو ان کی بیماری کی اطلاع دی جاتی تو کہتے گرمی کا موسم ہے کسی کو پریشان نہ کریں۔ گویا اپنی بیماری میں بھی دوسروں کا خیال تھا۔

رسول اکرم ﷺ فرماتے ہیں کہ وطن کی محبت ایمان کا حصہ ہے۔ ان کے دل میں بھی وطن کی محبت تھی چنانچہ دو تین بار بڑی محنت سے ویزا لگوا کر کشمیر گئے اور چارکوٹ میں اپنے عزیزوں سے ملے اور ان کی دینی راہنمائی کرتے رہے۔

مرحوم کے دماغ میں جماعت احمدیہ کی تاریخ کا ایک ایسا حصہ تھا جسے انہوں نے خود مشاہدہ کیا۔ وہ 1953ء تا 1974ء کے حالات اور جماعت کے 1947ء کے بعد کے حالات سے واقف تھے۔ گوناگوں خوبیوں والا یہ پیارا وجود مسکراتے چہرے سے ملتا اور اس میں محبت اور پیار اور انکساری نظر آتی ہے۔ ان کے اندر نمود و نمائش کے کوئی آثار نہیں تھے۔ میں نے ایک بار ان کا انٹرویو لیا تو جتنی باتیں پوچھیں ان کا جواب بڑی انکساری سے دیا اور اپنی ذاتی خوبیوں کو مخفی رکھا۔ جانے والا وجود بہت پیارا تھا مگر بلانے والا ہمیں اس سے بھی زیادہ پیارا ہے۔ اس لئے ہم جہاں اس کی جدائی پر غمگین ہیں وہاں یہ بھی عرض کرتے ہیں۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

مرحوم کی خوبیوں کے ذکر کے ساتھ ساتھ تمام قارئین سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی پردہ پوشی بھی فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ان کے بچوں اور جملہ نسل اور ہم سب کو ان کی نیک صفات اپنانے کی توفیق دے۔ اللہ تعالیٰ سے عاجزانہ دعا ہے کہ گلشن احمدیت ہمیشہ سرسبز و شاداب رہے اور اس میں بیشمار ثمر آور درخت لگتے رہیں۔ آمین

انگلستان میں وقف عارضی

مکرم چوہدری داؤد احمد صاحب گلزار

1968ء میں لندن سے اپنی رپورٹ میں لکھتے ہیں:۔

''خاکسار 30 جون کو اجتماعی دعا کے بعد لندن مشن ہاؤس سے برمنگھم وقف عارضی کے لئے روانہ ہوا۔ جس انگریز خاتون کے گھر خاکسار کی رہائش تھی۔ وہ ہستی باری تعالیٰ کے بارہ میں شکوک وشبہات میں مبتلا تھی اسے ایک ہفتہ دعوت الی اللہ کا موقع ملا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اور وقف عارضی کی برکات کی وجہ سے اس کے تمام شکوک اللہ تعالیٰ کی ہستی کے بارہ میں دور ہوگئے۔

برمنگھم میں 9 احمدی احباب کے گھروں میں جا کر نمازوں میں باقاعدگی کی طرف توجہ دلائی۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے عمدہ اثر ہوا اور غیر از جماعت دوستوں نے بھی ہمارے ساتھ نمازیں ادا کیں اور آئندہ ادا کرنے کا وعدہ کیا۔ عرصہ زیر رپورٹ میں دو اجلاس ہوئے جن میں 302 افراد حاضر تھے ان اجلاسوں میں احباب کو تسبیح وتحمید، اطاعت نظام، وقف عارضی کی اہمیت، چندوں کی ادائیگی کی طرف خصوصی توجہ دلائی گئی۔ کچھ افراد نے چندہ دیا اور آئندہ باقاعدگی سے ادا کرنے کا وعدہ کیا۔ لجنہ اماء اللہ کی تربیت کی بھی کوشش کی گئی۔''

(الفضل 8 نومبر 1968ء)

☆☆☆

مکرم مخدوم واجد حسیب بھیروی صاحب

محترمہ سعیدہ بیگم مخدوم صاحبہ کا ذکر خیر

میری ماں جن کو سب بچے ''ماں جی'' پکارتے تھے اور خاندان سے باہر ''بیوی جی'' کے نام سے جانی جاتی تھیں۔ آپ حکیم مخدوم شاہ محمد صاحب آف سملا نوالہ (نزد میانی ضلع سرگودھا) کی بڑی صاحبزادی اور حضرت مخدوم محمد صدیق صاحب (یکے از 313 رفقاء مسیح موعود) کی نواسی اور حکیم مخدوم محمد اعظم صاحب (سند وتمغہ یافتہ مدرسہ طیبہ دہلی وشاہی حکیم جام آف لس بیلہ) کی بڑی بہو تھیں۔

ہماری نانی جان صالحہ بیگم مخدوم صاحبہ جو اپنے نام کے مطابق نہایت صالح تھیں انہوں نے اپنی بڑی بیٹی کی تربیت نہایت اعلیٰ دینی ماحول میں کی۔ لیکن مشیت ایزدی سے ہماری نانی جان اپنی شادی کے بعد چار بچوں کو جنم دے کر نوجوانی میں ہی اللہ کو پیاری ہوگئیں جس کی وجہ سے ہماری والدہ صاحبہ پر کم عمری میں ہی اپنے چھوٹے بھائی اور بہن کی تربیت اور گھر داری کی ذمہ داری آن پڑی جو کہ انہوں نے بخوبی نبھائی۔ چنانچہ جب میری والدہ صاحبہ کی وفات ہوئی تو چھوٹے ماموں (مخدوم شاہ احمد صاحب) ہمارے گھر روتے رہے اور کہتے تھے کہ میری تو ماں آج فوت ہوئی ہے۔ میری ماں جی اگرچہ اس زمانے کے حالات کے مطابق سکول کی تعلیم تو حاصل نہ کرسکی تھیں لیکن قرآن مجید ناظرہ مع پنجابی ترجمہ اچھی طرح پڑھا ہوا تھا اور دلی لگاؤ سے نہ صرف خود تلاوت کرتی رہتی تھیں بلکہ بچوں کو باصرار قرآن پڑھنے پر زور دیتی تھیں۔ قرآن کی تلاوت میں اس قدر مہارت تھی کہ جب گھر میں کوئی ان سے دور بیٹھ کر تلاوت کر رہا ہوتا تھا اور وہ گھریلو کاموں میں مصروف بھی ہوتی تھیں لیکن تلاوت کرنے والے سے کسی زیر زبر کی ذرہ سی بھی غلطی سرزد ہوجاتی تو وہاں سے ہی فوراً اصلاح کرتی تھیں۔ آپ نے نہ صرف اپنی تمام اولاد بلکہ محلّہ پراچگان بھیرہ کی اکثر بچیوں کو ناظرہ قرآن پڑھنا سکھایا۔ 1962ء میں جب بچوں کی تعلیم کے سلسلہ میں ربوہ میں سکونت اختیار کی تو محلّہ دارالرحمت شرقی ب کی لجنہ اماء اللہ کے اجلاس میں شرکت کرتیں اگرچہ زیادہ تعلیم یافتہ نہ ہونے کی وجہ سے تقریریں تو نہ کرسکتیں لیکن جب پہلی دفعہ ہی انہوں نے دوسری ممبرات کی تلاوت درست کی اور پھر خود تلاوت قرآن خوش الحانی سے کی تو اس وقت کی صدر لجنہ (اہلیہ کیپٹن ڈاکٹر بشیر احمد صاحب) وسیدہ خورشید افضل صاحبہ وغیرہ عہدیداران عش عش کر اٹھیں اور بہت تعریف سے نوازا۔ بلکہ اجلاس میں تلاوت قرآن کے لئے مستقل ان کی ڈیوٹی لگا دی گئی اور بعد میں جب حضور کی طرف سے صحیح تلفظ قرآن کی تحریک شروع ہوئی تو آپ کو دوسری ممبرات لجنہ وناصرات کو صحیح ناظرہ قرآن سکھانے کی ذمہ داری دی جو کہ انہوں نے بخوبی نبھائی۔

عام طور پر عورتوں کو زیورات سے حد درجہ دلی لگاؤ اور محبت ہوتی ہے اور کسی صورت دوسروں کو دینے کے لئے تیار نہیں ہوتیں۔ لیکن میری ماں نے شادی کے چند دن ہی بعد دادا جان کی خدمت میں پیش کردیئے کہ وہ بیچ کر اس زمانے میں ہندوؤں کے پاس رہن رکھی ہوئی زمینیں واپس حاصل کرسکیں۔ چنانچہ والدہ مرحومہ بتایا کرتی تھیں کہ میں نے اپنے تمام زیورات اپنے سسر صاحب کو دے کر زیور کی محبت دل سے نکال دی اور کبھی کانچ کی انگوٹھی تک بھی پہننی پسند نہ کی اور نہ کبھی خاوند سے زیور کے لئے مطالبہ کیا۔ البتہ آپ کو زیور تعلیم سے محبت تھی۔ چنانچہ جب ہماری سب سے بڑی ہمشیرہ صاحبہ (اہلیہ مخدوم الطاف احمد صاحب) نے میٹرک کے بعد S.V کی تعلیم حاصل کرنے کی خواہش ظاہر کی۔ لیکن مالی تنگی آڑے آرہی تھی تو انہی دنوں میں چچا فاروق اعظم صاحب نے میری ماں کے زیورات کی رقم کی واپسی کا عندیہ دیا۔ تو ماں جی نے والد صاحب کو کہا یہ رقم مجھے دینے کی بجائے میری اولاد کی تعلیم پر خرچ کریں اور میری بیٹیوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کریں۔ چنانچہ آپ کی تمام اولاد اعلیٰ تعلیم یافتہ ہوسکی۔

محلّہ پراچگان بھیرہ کی تمام مستورات میں مقبول تھیں اور عزت واحترام کی نگاہ سے جانی جاتی تھیں اور پراچہ خاندان کی خواتین بھی ہماری ماں جی کے ہاں آتی رہتی تھیں اور اماں جان بھی اہل محلّہ کے دکھ سکھ میں شریک ہوتی تھیں وفات پر تعزیت کے لئے تشریف لے جاتیں۔ لیکن شادی بیاہ کے موقع پر بے پردگی کے خوف سے کم ہی شریک ہوتیں۔

میری ماں نہایت سادہ، نماز روزہ کی پابندی کرنے والی تہجد گزار خاوند کی فرمانبردار اور نڈر عورت تھیں۔ مجھے یاد ہے کہ 1953ء میں جب شہر میں جماعت کے خلاف جلوس نکل رہے تھے۔ میں بیمار تھا تو مجھے لے کر سول ہسپتال گئیں وہاں لیڈی ڈاکٹر کو دکھا کر لائیں۔ واپسی پر سڑک پر ہمارے گھر سے کچھ فاصلے پر جلوس آرہا تھا۔ اس کے پاس سے گزر کر دعا کرتے ہوئے گھر واپس آئیں اور والد صاحب و تایا جان مخدوم محمد ایوب صاحب (اس وقت کے امیر جماعت) کو جلوس کی آمد سے آگاہ کیا۔ جنہوں نے حفاظتی تدابیر اختیار کرنے اور دعائیں کرنے کی نصیحت کی۔ چنانچہ دعاؤں کے نتیجہ میں وہ جلوس ہمارے گھر سے کچھ فاصلے پر ہی واپس چلا گیا۔ سادگی کا یہ عالم تھا کہ خادمہ اور شاگرد لڑکیوں کی موجودگی کے باوجود گھر کا سارا کام خود کرتیں اور کسی کام کو عار نہ سمجھتی تھیں۔ بلکہ طرہ یہ کہ اگر کبھی گھر میں آٹا ختم ہوجاتا اور مشین سے گندم پسوائی میں تاخیر ہوجاتی تو لڑنے جھگڑنے کی بجائے خود ہی تہجد کے بعد گھر میں رکھی ہوئی چکی پر آٹا پیس لیتیں۔ ایک دفعہ جب میں نے دریافت کیا کہ آپ خود کیوں آٹا پیسنے لگ پڑتی ہیں تو کہنے لگیں۔ فاطمۃ الزہرا جو خاتون جنت اور حضرت محمد مصطفی ﷺ کی بیٹی تھیں آٹا خود پیس لیا کرتی تھیں تو مجھے پیسنے میں کیا عار ہے۔ اس کے علاوہ گھریلو کئی قسم کے ہنر مثلاً چارپائی بننا + ازار بند بنانا۔ کپڑے سینا۔ کھجور کے پتوں سے ٹوکریاں و چنگیر بنانا آتا تھا اور دوسروں کو بھی سکھایا کرتی تھیں۔ زیادہ باتوں اور فضول گپ شپ سے پرہیز کرتیں اور فرمایا کرتیں کہ زیادہ باتیں کرنے سے جھوٹ غیبت جیسی کفر والی باتیں زیادہ ہوجاتی ہیں۔ جیسا کہ کہاوت ہے بولنا چاندی اور خاموشی سونا ہے۔

اگرچہ ہمارے والد صاحب خود درجہ اول حکیم تھے۔ لیکن ان سے بھی زیادہ بچوں کی حفظان صحت کا خیال رکھتیں۔ موسم کے لحاظ سے ادویات و مشروبات تیار کرکے پلاتیں کن پیڑوں کی بیماری کا ایک خاص نسخہ اور علاج ان کے پاس تھا۔ جس کے لئے دور دور سے غریب خواتین و لڑکیاں آتیں اور شفایاب ہو جاتیں۔ ہر مشکل وقت میں دعا کرنے کی قائل تھیں۔ چنانچہ امتحان کے دنوں میں ان سے دعا کے لئے عرض کرتا تو فرماتیں کہ میں دعا کرتی ہی ہوں۔ تم خود ''رب یسرو لا تعسر و تمم بالخیر'' مسلسل پڑھتے رہا کرو۔ چنانچہ اس دعا کی بدولت اللہ تعالیٰ کے فضل سے خاکسار نے میٹرک کے امتحان میں سب تحصیل بھیرہ کے سکولوں میں اول پوزیشن حاصل کی اور نیز نام آنرز بورڈ پر لکھا گیا۔

آپ پردہ کی بھی بڑی سختی سے پابند تھیں۔ آخری عمر میں جب بوجہ گینگرین آپ کی ٹانگ کا آپریشن ڈسٹرکٹ ہسپتال سرگودھا میں ہوا تو جب ڈاکٹر صاحبان معائنہ کے لئے آتے تو فوراً منہ پر پردہ کر لیتیں۔ میں نے عرض کیا کہ ڈاکٹر سے پردہ کرنا ضروری نہیں ہے۔ تو کہنے لگیں۔ ڈاکٹر نے ٹانگ دیکھنی ہے۔ میرا منہ نہیں۔

آپ کی یہ نصیحت آب زر سے لکھنے کے قابل ہے کہ ''جہیڑا کرے آپ، نہ ماں کرے نہ باپ'' یعنی جو کام انسان خود اپنے لئے کرسکتا ہے اس جیسا کام کوئی ہمدرد سے ہمدرد ہستی از قسم ماں باپ بھی نہیں کرسکتا۔ اس طرح انسان کو دوسروں کی بیساکھیوں کے سہاروں کی بجائے اپنی ہمت اور صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کی نصیحت کی گئی ہے عملی زندگی میں مَیں نے اس پر عمل کیا اور اس کو ہمیشہ مفید سے مفید تر پایا۔

میری ماں جی نے 31 مارچ 1973ء میں وفات پائی اور خاندانی قبرستان خانقاہ مخدوم صاحب میانی ضلع سرگودھا میں مدفون ہوئیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو غریق رحمت کرے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ جگہ عطا فرماوے۔ آمین

محترم مولانا جلال الدین صاحب نیّر قادیان

میرے دورِ طالب علمی کا جامعہ احمدیہ قادیان

یہ اللہ تعالیٰ کا محض فضل اور احسان ہے کہ خاکسار کو تقسیم ملک کے بعد جامعہ احمدیہ قادیان کے ابتدائی طالب علم ہونے کا شرف حاصل ہے۔ یہاں پر میں اس بزرگ درویش مرحوم کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں جن کا تعلق صوبہ کیرلہ سے ہے جو خاکسار کو جامعہ احمدیہ میں داخل کروانے کا موجب بنے۔ خاکسار آٹھویں جماعت کا امتحان جنتا ہائی سکول قادیان سے پاس کر کے نویں جماعت میں داخل ہو چکا تھا یہ بھی اللہ تعالیٰ کا محض فضل ہے کہ خاکسار کو تعلیم الاسلام ہائی سکول قادیان کے ابتدائی طالبعلم ہونے کا شرف بھی حاصل ہے۔ جس کے بانی پارٹیشن کے بعد مکرم قریشی فضل حق صاحب درویش مرحوم تھے۔ مرحوم کے لئے جس قدر بھی مغفرت کی دعا کی جائے کم ہے۔

موصوف نہایت ہی محنتی استاد تھے۔ تعلیم الاسلام سکول کے لئے باقاعدہ کوئی عمارت نہیں تھی۔ موصوف اپنے گھر میں سکول لگایا کرتے تھے۔ کبھی باغ حضرت اماں جان میں اور کبھی بیت اقصیٰ میں اور آخر میں موجودہ تعلیم الاسلام سکول میں جو اس وقت زیادہ سے زیادہ چار یا پانچ کمروں پر مشتمل کچی اور نہایت مخدوش حالت میں عمارت تھی۔ صرف چوتھی جماعت تک کلاسیں تھیں۔ باقاعدہ کوئی تجربہ کار استاد بھی نہیں تھے۔ چوتھی جماعت پاس کرنے کے بعد جنتا ہائی سکول قادیان میں داخلہ لیا گیا تھا۔ بہرحال جس وقت خاکسار نویں جماعت کا طالب علم تھا اس وقت مکرم مولوی محمد ابوالوفاء صاحب درویش مربی سلسلہ کیرلہ قادیان تشریف لائے تو موصوف نے گھر والوں کو بتایا کہ جلال الدین نیر کو ان کے والد محترم اچھے حسین صاحب مرحوم نے وقف زندگی کیا ہوا ہے اس لئے انہیں جامعہ احمدیہ میں داخل کیا جانا چاہئے۔ چنانچہ یکم مئی 1956ء میں خاکسار بحیثیت واقف زندگی جامعہ احمدیہ میں داخل ہوا۔ اس طرح خاکسار کو اس بزرگ درویش مرحوم کی بدولت خدمت سلسلہ کا زریں موقعہ میسر آیا۔

ابتدائی کلاس فصل اول میں خاکسار کے ساتھ مکرم ایم کے محمد بشیر صاحب آف منارگھاٹ کیرلہ، مکرم ایم عبدالسلام صاحب کرونا گاپلی کیرلہ، مکرم وسیع الدین صاحب آف مدراس، مکرم حافظ عباداللہ صاحب آف راٹھ طالب علم تھے۔ ان میں سے مؤخر الذکر دونوں آخر تک نہیں پہنچ سکے اور واپس اپنے وطن چلے گئے اور جامعہ احمدیہ کے آخری سال میں ہم صرف دو رہ گئے جنہوں نے جولائی 1963ء کو پنجاب یونیورسٹی چنڈیگڑھ سے باقاعدہ مولوی فاضل پاس کر کے سلسلہ کی خدمت میں مصروف عمل ہو گئے۔ اس طرح کل پانچ طلباء میں سے صرف دو فارغ التحصیل ہوئے۔

ابتداء میں مدرسہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے کم از کم آٹھویں جماعت پاس ہونا ضروری تھا اور قرآن کریم ناظرہ جاننا ضروری تھا اور معاہدہ کے تحت یہ شرط تھی کہ تکمیل کے بعد کم از کم دس سال سلسلہ کی خدمت کرنی ضروری ہے بصورت دیگر جو ماہوار وظیفہ دیا جا رہا تھا اس کی واپسی کرنی ہوگی۔ ابتداء میں 20 روپے ماہوار وظیفہ تھا اور بعد میں یہ بڑھ کر 27 روپے ماہوار غالباً ہوا۔ خاکسار اس وقت 45 سال سے محض خدا کے فضل واحسان سے سلسلہ کی خدمت بجا لا رہا ہے۔ اس وقت جامعہ احمدیہ میں چھ سال کا نصاب تھا چار سال فصول کا اور دو سال درجات کا۔

جہاں تک کلاسوں کے مضامین کا تعلق ہے وہ مندرجہ ذیل ہیں۔ ادب الف، ب، قرآن کریم باترجمہ وتفسیر، شرح ہدایہ، فقہ احمدیہ، تفسیر بیضاوی، شرح نخبۃ الفکر، شرح ہدایت الحکمت، مرقات، محاضرات تاریخ امم الاسلام، متنبی، حماسہ، مقامات حریری، مختصر عقد الفرید، مجموعہ نظم ونثر، عربی کلام حضرت مسیح موعود کی جملہ کتب۔ احادیث میں مشکوٰۃ ترمذی، مؤطا امام مالک عربی گرامر الفیہ بھی پڑھایا جاتا تھا کتاب النحو کتاب الصرف انشاء کا بھی مضمون تھا۔ ہر کلاس کے علیحدہ علیحدہ مضمون یاد نہیں ہیں۔

ہمارے مندرجہ ذیل استاد تھے۔

محترم مولانا محمد ابراہیم صاحب فاضل درویش ہیڈ ماسٹر وسپرنٹنڈنٹ جامعہ احمدیہ تھے اساتذہ کرام میں مکرم مولانا محمد حفیظ صاحب بقاپوری درویش، مکرم مولانا محمد یوسف صاحب فاضل درویش، مکرم مولانا محمد عمر علی صاحب درویش، مکرم مولانا احمد رشید صاحب مالاباری اس زمانہ میں آخری درجات کے یہ انچارج تھے۔ اساتذہ بہت کم تھے ایک استاد مختلف مضامین پڑھایا کرتے تھے۔ محترم مولانا محمد ابراہیم صاحب فاضل انشاء اور منطق وفلسفہ پڑھاتے تھے۔ محترم مولانا حفیظ بقاپوری صاحب عربی ادب کے استاد تھے، محترم مولانا محمد یوسف صاحب فاضل احادیث پڑھاتے تھے۔ محترم مولانا محمد عمر علی صاحب فقہ اور سراجی اور بعض اوقات عربی بھی پڑھایا کرتے تھے۔ قرآن کریم محترم مولانا محمد یوسف صاحب مولانا محمد حفیظ صاحب بقاپوری اور مولانا محمد ابراہیم صاحب بھی پڑھاتے تھے۔

خاکسار کے دور میں نہایت خستہ حال عمارت تھی کچی مٹی سے بنی تھی۔ فرش بھی کچا تھا کوئی پنکھا نہیں ہوتا تھا۔ گرمی میں سخت گرمی اور سردی میں سخت سردی برداشت کرتے تھے۔ تعلیم الاسلام سکول اور جامعہ احمدیہ اسی کچی عمارت میں قائم تھا۔ بورڈنگ جامعہ احمدیہ بھی اسی عمارت میں قائم تھا۔ جہاں کافی عرصہ تک پنکھا نہیں ہوتا تھا۔ گرمیوں میں طلباء رسی سے بنی ہوئی چارپائی پر سوتے تھے۔ ان دنوں گھروں میں بجلی نہیں ہوتی تھی۔ پنجاب میں عموماً گھروں کے صحن اور چھتوں پر گرمیوں میں باہر سویا کرتے تھے۔ امن کا زمانہ تھا۔ چوری اور ڈکیتی وغیرہ کا کوئی ڈر نہیں تھا۔

بورڈنگ میں نہایت سادہ غذا لنگر کی روٹی دال اور شام کو کبھی کبھار سبزی پکتی تھی۔ چاول کا پنجاب میں رواج نہیں تھا۔ جنوبی ہند کے بچے بعض اوقات چاول نہ ملنے پر بیمار ہو جایا کرتے تھے۔ اس وقت پرہیزی کھانا چاول پکتا تھا بورڈنگ میں کافی ڈسپلن تھا۔ ٹیوٹر پانچ وقت نمازوں میں لائن لگا کر بیت الذکر لے جایا کرتے تھے اور لائن لگا کر واپس آتے تھے۔ مطالعہ کے لئے وقت مقرر تھا کوئی طالب علم سوائے شام کو کھیلنے کے باقی اوقات میں باہر نہیں جاتے تھے۔ محدود وظیفہ پر گزارہ کرتے تھے۔ چائے پینے اور صابن تیل لینے کے لئے پرچی تیار ہوتی تھی۔ صدر انجمن احمدیہ کے وسائل بھی نہایت محدود تھے۔ نہایت صبر وشکر اور اخلاص کے ساتھ زندگی گزارتے تھے۔

اساتذہ کی تنخواہیں بھی نہایت محدود ہوتی تھیں۔ لیکن نہایت محنت اور لگن سے پڑھایا کرتے تھے اگر گھر سے خود تیاری نہ کر سکتے تو کلاس میں آ کر بتایا کرتے تھے کہ آج میں گھر سے مطالعہ کر کے نہیں آیا ہوں۔ لہٰذا آپ لوگ آج خود پڑھیں۔

سیروا فی الارض کے تحت آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے خطیر بجٹ رکھا جاتا ہے اور بسیں بک کر کے دور دراز کے علاقوں کا ٹور ہوتا ہے اور اس ٹور میں کھانے پینے پر بھی اخراجات ہوتے ہیں لیکن ابتدائی طلباء کے لئے یہ سہولت نہیں تھی۔ مجھے یاد ہے کہ آخری سال میں دس دن کا ٹور سائیکلوں پر ہوا تو جامعہ کے ہم دس بارہ طلباء تھے۔ میں فارغ التحصیل ہو چکا تھا لیکن مجھے بھی نظارت تعلیم کے تحت اس ٹور میں شامل کیا گیا اور مجھے امیر وفد بنایا گیا۔ صرف 20 روپے ہر طالب علم کو نظارت کی طرف سے دئے گئے باقی اپنے طور پر دس بارہ روپے گھروں سے اور وظیفہ کی بچت کے ساتھ رکھ لئے۔ سائیکل ہر طالب علم نے انہیں پیسوں سے کرایہ پر حاصل کی تھی۔ قادیان سے بذریعہ سائیکل دریائے بیاس کشتیوں سے پار کر کے ہوشیارپور، ننگل، بھاکڑہ ڈیم، چنڈیگڑھ جو کہ نیا نیا تعمیر ہوا تھا پنجور پھر واپسی براستہ سرہند شریف لدھیانہ جالندھر 10 دن کے بعد قادیان پہنچے تھے۔ نہایت خوشگوار اور مشقت آمیز سفر تھا جو زندگی میں ہمیشہ یاد رہے گا۔ پُر امن زمانہ تھا اور سستا زمانہ تھا انہی محدود پیسوں میں ہی نہایت عمدہ سفر کیا۔ راستے میں باجماعت نماز پڑھتے تھے۔

1963ء میں سیروا فی الارض کے تحت یہ دوسرا سفر تھا اور اسی سال خاکسار فارغ التحصیل ہوا۔

میری جامعہ احمدیہ کے طلباء کے لئے یہ نصیحت ہے کہ آپ ہمیشہ ابتدائی طلباء کے حالات کو پیش نظر رکھا کریں کہ انہوں نے کن مشکل حالات میں علم حاصل کیا اور خدمت دین میں مصروف عمل ہوئے ان کے حالات کو سامنے رکھتے ہوئے آپ کو آج جو سہولتیں اور آسائشیں میسر ہیں اس پر ہمیشہ آپ کا سر شکر وحمد کے جذبات سے لبریز ہو کر اللہ تعالیٰ کے آستانہ پر سجدہ ریز ہونا چاہئے کیونکہ آج آپ خلافت خامسہ کے نہایت درخشندہ دور کے طلباء ہیں اور خلیفہ وقت کا آپ پر شفقت کا سایہ ہے جو ہر آن آپ کے سنہرے مستقبل کے لئے نہ صرف دعائیں کر رہے ہیں بلکہ آپ کو ہر ممکن سہولت مہیا کرنے کے لئے رقم کی فراہمی بھی فرما رہے ہیں۔ اس لئے ہمیشہ آپ صرف اور صرف اس عظیم مقصد کو سامنے رکھ کر مجاہد بننے کی کوشش کریں جس عظیم مقصد کی تکمیل کے لئے سیدنا حضرت مسیح موعود مبعوث ہوئے ہیں۔ تقویٰ سے آراستہ ہونے کی کوشش کریں اس کی علامات یہ ہیں۔

1۔ آپ انفاق فی سبیل اللہ میں نہ صرف خود آگے ہوں بلکہ دوسروں کو بھی آگے لانے والے ہوں۔

2۔ تکبر اور انانیت سے ہمیشہ دور رہیں۔

3۔ عاجزی اور انکساری اپنے اندر پیدا کریں۔

4۔ دیانت اور امانت کو ہمیشہ اپنانے والے ہوں آپ کے عمل کو دیکھ کر دوسرے یہ خود کہیں کہ یہ شخص واقعی دیانتدار ہے اور امانتدار ہے۔

5۔ سچائی کو ہمیشہ قائم رکھیں۔ سچ کے دامن کو تھامے رکھیں۔ خدائی حکم کے مطابق کونوا مع الصادقین ہو جائیں۔

6۔ نظام سلسلہ کے ہمیشہ مطیع وفرمانبردار رہیں اور ہمیشہ نظام سلسلہ کے آگے سرنگوں رہیں۔

یہ تقویٰ کی ظاہری علامتیں ہیں جو یقیناً ہمارے جامعہ احمدیہ کے ہر طالب علم کے اندر ہونی چاہئیں تا کہ میدان عمل ودعوت الی اللہ میں کوئی بھی آپ پر انگلی نہ اٹھا سکے۔ تقویٰ کی ان ظاہری علامتوں سے عاری شخص کو دعوت الی اللہ میں کبھی برکت نہیں ہو سکتی۔

آپ میدان دعوت الی اللہ وتربیت میں پیار ومحبت اور حکمت عملی کو اپنائیں۔ اس کے نتیجہ میں آپ ہر میدان میں کامیاب وکامران وبامراد رہیں گے اپنے اساتذہ اور بزرگان سلسلہ کا احترام واکرام ہمیشہ مدنظر رہے کیونکہ یہی چیزیں فارغ التحصیل ہونے کے بعد جہاں بھی آپ کا تقرر ہو آپ کی کامیابی کا زینہ ثابت ہوگا۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ آپ کے ساتھ رہے۔ آمین

ماخوذ

ہچکیاں آنے کی وجوہات اور ان کے علاج

ہچکیوں کے متعلق طرح طرح کی روایات مشہور ہیں، مثلاً یہ کہ جب آپ کو ہچکیاں آئیں تو سمجھ لیجئے کہ آپ کو کوئی یاد کر رہا ہے:

مجھے یاد کرنے سے یہ مدعا تھا
نکل جائے دم ہچکیاں آتے آتے

اس بات میں کوئی صداقت ہو یا نہ ہو لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ ہر شخص کو کبھی نہ کبھی ہچکیاں آتی ضرور ہیں۔ پھر چند منٹ بعد خود ہی ختم بھی ہو جاتی ہیں۔ ہزاروں لاکھوں میں کوئی ایسا بدنصیب بھی ہوتا ہے جس کی ہچکیاں ہفتوں بلکہ مہینوں جاری رہتی ہیں۔

جب کسی کو ہچکیاں آتی ہیں تو ہمیں خواہ مخواہ اس پر ہنسی آتی ہے، لیکن جب ہمیں خود ہچکیاں آتی ہیں تو ہنسی کے بجائے تکلیف محسوس ہوتی ہے۔

سولہ سال کی ایک لڑکی کو اپریل 1947ء میں ہچکیاں آنی شروع ہوئیں اور جولائی تک نہیں رکیں۔ پورے تین ماہ اور دو دن وہ بے چاری مستقل طور پر اس کرب میں مبتلا رہی۔ اس نے بہت سے معالجوں سے مشورہ کیا۔ بہت سے انجکشن لگائے گئے، کچھ مسکن دوائیں بھی دی گئیں، کاربن ڈائی آکسائڈ بھی سنگھائی گئی، لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔ وہ تین ہفتے کے لئے سیر سپاٹے کے لئے مری بھی چلی گئی۔ اس کے وزن میں دس پونڈ کا اضافہ بھی ہو گیا، لیکن ہچکیاں پھر بھی بند نہ ہوئیں۔ پھر ایک دن صبح صبح بغیر کسی دوا کے وہ بند ہو گئیں۔

ساری دنیا میں ہچکیوں کی شکایت پائی جاتی ہے۔ لوگ ماقبل تاریخ کے دور سے اب تک اس شکایت سے دو چار رہے ہیں۔ پرانے زمانے سے اس کا ایک علاج یہ چلا آ رہا ہے کہ گلاس کے دور کے کنارے سے پانی پیا جائے۔ ظاہر ہے حالت معمول میں بیٹھ کر یہ نہیں کیا جا سکتا۔ مریض کو خوب جھک کر بلکہ دوہرا ہو کر پانی پینا پڑتا ہے اور ہچکی بند ہو جاتی ہے۔

بعض اوقات ناک میں تنکا ڈال کر چھینکنے سے بھی ہچکی بند ہو جاتی ہے۔ قدیم فلسفی افلاطون سمجھتا تھا کہ مریض کی پشت پر اچانک مکا مارنے سے اسے ہچکیوں سے نجات مل جاتی ہے۔ سولہویں صدی میں اس مرض پر کچھ تحقیقات کی گئیں اور ایک سادہ علاج دریافت کیا گیا۔ اگر ہچکیاں لینے والا مریض کاغذ کے ایک بڑے لفافے میں اپنا منہ چھپا کر سانس لے تو اس کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔ بعض صورتوں میں یہ علاج واقعی کامیاب رہتا ہے۔

ہچکیاں کیوں آتی ہیں؟ ان کا تعلق دراصل ان باریک ریشوں سے ہے جو ریڑھ کی ہڈی سے نکل کر کاسئہ سر تک جاتے ہیں۔ یہ ریشے سانس کی جھلی کو قابو میں رکھتے ہیں۔ دائیں جانب کی رگ جھلی کے دائیں نصف پر حاوی ہوتی ہے اور بائیں جانب کی رگ بائیں حصے پر۔ عام طور پر سے دونوں رگیں ٹھیک کام کرتی رہتی ہیں اور جھلی سکڑتی اور پھیلتی رہتی ہے۔ اگر اس ترتیب میں فرق پڑ جائے تو ہچکی آنے لگتی ہے۔

سانس کی جھلی اگر ضرورت سے زیادہ سکڑ جائے تو ہم زیادہ گہرا سانس لیتے ہیں۔ جھلی کے ایسے ہر جھٹکے کے ساتھ ہمارا حلق بھی بند ہو کر اوپر کی طرف جھٹکا کھاتا ہے۔ ساتھ ”ہک“ جیسی آواز آتی ہے۔ زیادہ غذا کھانے یا مشروبات پینے، زیادہ سگریٹ نوشی، تھکن، زیادہ گرم یا زیادہ سرد، کوئی چیز تیزی سے حلق سے اتارنے یا ایسے ہی کسی دوسرے عمل سے ہچکیوں کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ انفلوئنزا، اپنڈکس، سخت نزلہ زکام یا دماغی رسولی بھی، ہچکیوں کا سبب بن سکتی ہے۔ جذباتی ہیجان اور دباؤ بھی ہچکی پیدا کر سکتا ہے۔ سنا گیا ہے کہ ایک ہسپتال کے پورے سترہ مریض ایک ہی وقت میں ہچکیاں لینے لگے۔ معالجین نے سمجھا کہ وہ سب کسی دورے میں مبتلا ہو گئے ہیں، لیکن غور سے دیکھنے پر معلوم ہوا کہ ان سب پر ایک ہی قسم کے جراثیم نے حملہ کیا تھا۔ جب ان جراثیم کا اثر جاتا رہا تو سب کے سب مریضوں کو ایک ساتھ ہچکی سے نجات مل گئی۔

ہچکی ایک بار شروع ہو جائے تو یہ بتانا مشکل ہوتا ہے کہ وہ کتنی دیر جاری رہے گی۔ عام طور پر پانچ سے دس منٹ بعد آپ کو اس سے نجات مل جاتی ہے اور اس کا کوئی خراب اثر بھی باقی نہیں رہتا، لیکن ایسی صورتیں بھی دیکھی گئی ہیں کہ ہفتوں اور مہینوں تک برابر ہچکیاں آتی ہیں۔ بعض اوقات ان کی رفتار اتنی تیز ہوتی ہے کہ مریض کے لئے کھانا پینا اور سونا ناممکن ہو جاتا ہے۔ بدترین صورت میں سانس کی آمد و شد بے ترتیب ہو جاتی ہے اور بے چارہ مریض جھٹکے کھا کھا کر مر جاتا ہے۔ نیویارک میں ایک شخص کی اپنڈکس یا اندھی آنت پھٹ گئی اور اسے ایسی ہچکیاں شروع ہوئیں کہ آئندہ پورے دس برس تک متواتر آتی رہیں۔

مختلف علاج

ایسی بدترین صورتوں میں ایک ہی علاج باقی رہتا ہے اور وہ ہے سرجری۔ کسی وجہ سے ایک ریٹائرڈ مدرس کے پیٹ کا آپریشن کیا گیا۔ وہ شفایاب ہو رہا تھا کہ اسے ہچکیاں آنی شروع ہو گئیں۔ سرجنوں نے انہیں روکنے کے لئے ساری تدبیریں کر ڈالیں۔ مریض کو بائی کاربونیٹ، کلومل، کیفین، مارفین سب کچھ دیا۔ اس کے حلق میں دوائیں لگائیں، سینے پر پلاسٹر چڑھایا اور بہت سی معجزہ نما دوائیں انجکشن کے ذریعے سے بھی اس کے جسم میں داخل کیں، لیکن

مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

بالآخر مجبور ہو کر سرجری کی گئی اور اس کی ایک رگ کاٹ دی گئی جو جھلی کو کاسئہ سر سے ملاتی ہے۔ تب کہیں مریض کو ہچکیوں سے نجات ملی۔

اب ایسے ذرائع بھی نکل آئے ہیں کہ اس رگ کو کاٹ دینے کے بجائے اسے چند گھنٹوں کے لئے مفلوج کر دیا جاتا ہے۔ اس دوران ہچکی کا اصل سبب جاتا رہتا ہے اور مریض کو جھٹکے نہیں کھانے پڑتے۔ بعض بیماریاں بھی ہچکیوں کا سبب بنتی ہیں اور وہ بعض اوقات متعدی شکل اختیار کر لیتی ہیں۔ معمولی نزلہ زکام اور سادہ بخار تو چلا جاتا ہے، لیکن بعض صورتوں میں ہچکیاں پیچھے چھوڑ جاتا ہے جو تین ہفتوں تک جاری رہتی ہیں۔

ہچکیوں کے لئے عمر کی کوئی قید نہیں۔ ننھے بچوں سے لے کر زیادہ عمر کے بڑے بوڑھوں تک، وہ ہر فرد کو ستاتی ہیں۔ حد یہ ہے کہ غیر پیدا شدہ بچے تک ماں کے پیٹ میں ہچکیاں لیتے ہیں، اگرچہ ایسا بہت کم ہوتا ہے۔ چھوٹے بچوں کو ہچکیاں آئیں تو ان کی پشت پر آہستہ آہستہ ہاتھ ماریے ہچکیاں بند ہو جائیں گی۔

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ قدیم زمانے سے اب تک ہچکیوں کے تقریباً تین سو یا اس سے بھی زیادہ علاج دریافت کئے گئے ہیں جن میں سے بعض ٹوٹکوں سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتے، لیکن وہ اکثر اوقات کامیاب ثابت ہوتے ہیں۔ ان میں افلاطون کے تجویز کردہ اچانک مکے سے لے کر الٹا لٹکنا تک شامل ہیں۔

ان تمام طریقوں کا ایک ہی مقصد ہوتا ہے اور وہ یہ کہ جسم کو کسی صورت تحریک دی جائے تا کہ جھلی اور اس کی رگیں دوبارہ معمول پر آ جائیں اور ٹھیک کام کرنے لگیں۔ مثلاً اگر مریض زور سے ”بؤ“ کہے یا تھوڑا سا سرکہ پی لے۔ بعض اوقات پانی پینے سے ہی آرام آ جاتا ہے خواہ ٹھنڈا ہو یا گرم۔ دائیں کان کی لو کو اچانک ٹھنڈا کر دینے سے بھی سکون حاصل ہوتا ہے۔ زبان باہر کھینچنے، جلتی ہوئی موم بتی کے سامنے پورا منہ کھولنے یا انگوٹھے گھمانے پھرانے سے بھی ہچکیاں دور ہوتی دیکھی گئی ہیں۔

ہچکیاں آئیں تو جہاں تک ہو سکے، دیر تک اپنا سانس روکنے کی کوشش کیجئے یا کاغذ (پلاسٹک نہیں) کے ایک بڑے لفافے میں اپنا منہ بند کر لیجئے۔ ناک پر لفافہ چڑھانے اور سانس لیتے رہنے سے بھی آرام آ جاتا ہے۔

اکثر صورتوں میں یہ معمولی گھریلو نسخے کامیاب ثابت ہوتے ہیں، لیکن اگر ہچکیاں ایک گھنٹے تک نہ رکیں تو فوراً کسی معالج سے مشورہ کیجئے۔ اب ایسی دوائیں ایجاد ہو چکی ہیں جنہیں گردن کے ایک طرف سوئی کے ذریعہ سے داخل کیا جاتا ہے تو متعلقہ رگ تھوڑی دیر کے لئے کام کرنا بند کر دیتی ہے اور ہچکیاں رک جاتی ہیں۔

حکیم محمد سعید صاحب نے لکھا ہے: ”مجھے ایک بار غالباً زیادہ کھانا کھا جانے کی وجہ سے بڑی تکلیف دہ ہچکیاں شروع ہو گئیں۔ یہ کھانا میں نے مشہور ہومیو پیتھ معالج ڈاکٹر کاپٹریا صاحب کے ساتھ کھایا تھا۔ اللہ بخشے کاپٹریا صاحب نہایت نفیس انسان تھے۔ بڑے شفیق اور بڑے پرہیزگار اور عابد و زاہد۔ اتوار کو ان کے مطب میں سینکڑوں مریض آتے اور یہ ان سے نہ فیس لیتے اور نہ دوا کی قیمت۔ مرتے دم تک وہ یہ خدمت کرتے رہے اور اللہ ان کے مریضوں کو شفا بھی دیتا۔ میں کاپٹریا صاحب کے ساتھ تراویح کے لئے چلا، مگر مسجد تک جانا مشکل ہو گیا۔ ہچکیوں نے ناک میں دم کر دیا۔ کاپٹریا صاحب نے مجھے رکنے کے لئے کہا۔ خود میرے مقابل آ کر کھڑے ہو گئے اور ایک انگلی اور ایک انگوٹھے سے میری ناک کا بالائی حصہ زور سے دبایا۔ ایک منٹ میں ہچکیاں بند ہو گئیں!“

ہچکی کا ایک دوائی علاج یہ ہے کہ روغن قرنفل (لونگ کا تیل) ایک قطرہ، دیسی کھانڈ میں ملا کر کھا لیں۔ اکثر اس سے فائدہ ہو جاتا ہے۔

(ہمدرد صحت مارچ 2006ء)

☆☆☆

حضرت مولوی سردار محمد صاحب

رفیق حضرت مسیح موعود

یکے از 313

بیعت: 9 جنوری 1892ء

حضرت مولوی سردار محمد ولد مولوی غلام احمد صاحب لون میانی ضلع شاہپور کے رہنے والے تھے۔ آپ حضرت مولانا حکیم نورالدین خلیفۃ المسیح الاول کے برادرزادہ تھے۔

آپ نے 9 جولائی 1892ء میں بیعت کی، رجسٹر بیعت میں آپ کا نام 191 نمبر پر درج ہے۔ میاں سردار خان ولد مولوی غلام احمد صاحب برادرزادہ مولوی حکیم نورالدین ساکن لون میانی تحریر ہے۔

ایک دفعہ آپ نے حضرت اقدس مسیح موعود کی خدمت میں خط لکھا اور اظہار اخلاص میں لکھا کہ میں قادیان پر قربان جاؤں۔ حضرت اقدس اس پر بہت خوش ہوئے اور فرمایا کہ ”یہ اخلاص کی علامت ہے۔ جب انسان کسی کے ساتھ سچا اخلاص رکھتا ہے تو محبوب کے قرب و جوار بھی پیارے لگتے ہیں۔“

حضرت مولانا جلال الدین شمس صاحب نے حضرت اقدس کے معاصر علماء میں آپ کا تذکرہ کیا ہے جنہوں نے حضرت اقدس کی بیعت کر لی۔

کتاب البریہ میں حضرت اقدس نے پُر امن جماعت میں آپ کا ذکر کیا ہے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 90097 میں Khadija Appiah

زوجہ Appiah Danquah قوم ...... پیشہ ٹیچر عمر 43 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-2-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر -/30 غانین کرنسی۔ اس وقت مجھے مبلغ -/60 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Khadija Appiah۔ گواہ شد نمبر 1 Yusuf K.Mensah۔ گواہ شد نمبر 2 Adam Asamoah

مسل نمبر 90098 میں Fatima Ewudzie

زوجہ Saeed Daud قوم ...... پیشہ ٹیچر عمر 43 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-1-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Fatima Ewudzie۔ گواہ شد نمبر 1 Zac Muhammad۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالحمید طاہر

مسل نمبر 90099 میں Abass Amoah

ولد Latif Amoah قوم ...... پیشہ ٹیچر عمر 47 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 18-1-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Abass Amoah۔ گواہ شد نمبر 1 عبدالحمید طاہر۔ گواہ شد نمبر 2 Ishaque

مسل نمبر 90100 میں Kofi Muhammad

ولد Mohammad Appiah قوم ...... پیشہ فارمنگ عمر 52 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 12-1-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) مکان مالیتی -/1000 غانین کرنسی۔ اس وقت مجھے مبلغ -/60 غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Kofi Muhammad۔ گواہ شد نمبر 1 عبدالحمید طاہر۔ گواہ شد نمبر 2 Suleman Yacoob

مسل نمبر 90101 میں Issah Bin Ayyub

ولد Ayyub Kwabena Appianin قوم ...... پیشہ Farming عمر 62 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 12-01-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی مکان مالیتی -/5000 غانین کرنسی۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/600 غانین کرنسی سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Essah Bin Ayyub۔ گواہ شد نمبر 1 Mohammad Bin Kojo Aning۔ گواہ شد نمبر 2 Ishaque Bright Amoafo

مسل نمبر 90102 میں Mohammad Bin Kojo Aning

ولد Mohammad Asani قوم ...... پیشہ ریٹائرڈ ٹیچر عمر 65 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 12-01-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Mohammad Bin Kojo Aning۔ گواہ شد نمبر 1 Mohammad Kofi Gyasi گواہ شد نمبر 2 Suleman Yaqub

مسل نمبر 90103 میں Issah Kwabena Mensah

ولد Nuhu Akwasi قوم ...... پیشہ ٹیچر عمر 46 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 14-1-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی مکان مالیتی -/25000000 غانین کرنسی۔ اس وقت مجھے مبلغ -/120 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/36.00 غانین کرنسی سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Issah Kwabena Mensah۔ گواہ شد نمبر 1 Mohammad Bin Kojo Aning۔ گواہ شد نمبر 2 Suleman Yaqub

مسل نمبر 90104 میں Ayesha Asoppiah

زوجہ Dawood Dadzie قوم ...... پیشہ ٹیچر عمر 33 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 18-01-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Ayesha Asoppiah۔ گواہ شد نمبر 1 Ibrahim Alhassum۔ گواہ شد نمبر 2 Suleman Yaqub

مسل نمبر 90105 میں Dawood Aboagye Dadzie

ولد Yusuf Aboagye Dadzie قوم ...... پیشہ ٹیچر عمر 42 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 18-01-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی مکان مالیتی -/5000 غانین کرنسی (2) دوعدد گاڑیاں۔ اس وقت مجھے مبلغ -/180 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/300 غانین کرنسی سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Dawood Aboagye Dadzie۔ گواہ شد نمبر 1 Mohammad Kofi Gyasi۔ گواہ شد نمبر 2 Suleman Yaqub

مسل نمبر 90106 میں Haruna Nyarkoh

ولد Kwaku Nuhu قوم ...... پیشہ فارمنگ عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 06-02-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/20 غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Haruna Nyarkoh۔ گواہ شد نمبر 1 Adam K.Amoah۔ گواہ شد نمبر 2 Abdul Rahim

مسل نمبر 90107 میں Yusif Kwame Afoh

ولد Usman Yaw Mensah قوم Fanti پیشہ فارمنگ عمر 42 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 01-02-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/20 غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Yusif Kwame Arfoh گواہ شد نمبر 1 ناصر احمد کاہلوں۔ گواہ شد نمبر 2 Saeed Suleman

مسل نمبر 90108 میں Ayesha Appong

